سے بہر طور اس طرح واقف نہیں جس طرح ایک حامل کتاب و سنت ہوتا ہے، ایسے تسامحات کا ترجمہ میں فاضل مترجم نے فٹ نوٹ میں ازالہ کر دیا ہے بلکہ بہت سے قیمتی نوٹس ایسے دیئے ہیں جن سے کتاب کی افادیت بڑھ گئی ہے ـــــ آج جبکہ صلیب و ہلال کا مقابلہ صلیبی میدانوں میں نہیں، علمی درسگاہوں میں ہو رہا ہے، یہ کتاب ایک زبردست ہتھیار ہے شیدائیان و فدائیان اسلام کے لئے، اور ان کے اردو دان طبقہ کو ممنون ہونا چاہیئے۔ فاضل مترجم کا جنہوں نے بڑی جانکاہی سے ترجمہ مکمل کیا اور ساتھ ہی ممنون ہونا چاہیئے کہ مولانا نور احمد کا، جنہوں نے انگریزی ایڈیشن کی اشاعت کے ساتھ ہی ترجمہ کا اہتمام کر کے اسے الگ سے بڑی خوبصورتی سے چھاپ دیا۔ یہ دونوں ایڈیشن واجبی قیمت پر دستیاب ہیں اور اہل ذوق پر ان کا مطالعہ لازم!

---

بشریت النبیؐ ۔ انوارِ سخن ، فضائلِ جمعہ

دو کتابیں، ایک پمفلٹ سامنے ہیں۔ ناشر ہیں حافظ نور محمد انور مالک مکتبۃ الفاروق ۱۹۔ سلطانپورہ لاہور۔ ۲۹ ، بشریت النبیؐ مولانا سید نور الحسن بخاری مرحوم کے قلم کا شاہکار ہے۔ قدیم ظلمتوں کے رسیا لوگوں سے لے کر جدید دور کے ظلماتی طبقات تک کو حضرات انبیاء علیہم السلام کے معاملہ میں جو ان کی جنس کے حوالہ سے الجھنیں ہیں، ان کا حل بخاری مرحوم نے اس طرح پیش کیا کہ جس نے پڑھا آنکھیں کھل گئیں اور وہ صداقت کو پہچان گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس مرد مومن کو علم اور قلم دونوں کی طاقت بخشی تھی۔ اس نے ان نعمتوں کی اس طرح قدر کی کہ "حقائق" کے لکھنے میں عمر گذار دی، اب وہ دنیا میں نہیں لیکن اس کی کتابیں بالخصوص یہ صحیفہ اس کی عظیم یادگار ہے۔

- انوارِ سخن - مالک مکتبہ حافظ نور احمد انور کی پاکیزہ شاعری کا مجموعہ ہے۔ اس منخنی دیغریب الطبع انسان کو رب العزت نے یہ ذوق سلیم بخشا تو اس نے شاہد و شراب کے بجائے پاکیزگی کا راستہ اختیار کیا۔ علامہ خالد محمود، سید نور الحسن بخاری، قریشی دوست محمد اور قاری عبدالعزیز شوقی جیسے ارباب علم و فن نے اپنی تحریروں کے ذریعے اس گلدستہ کی قدر افزائی کی، حمد و نعت اور مناقب آل و اصحاب رسول کا یہ ایسا ایمان افروز گلدستہ ہے کہ ہمارے بس میں ہوتا تو اسے کم از کم اردو فاضل کے کورس میں شامل کر دیتے۔ یہاں بے ننگ و نام شعرا کے مجموعے زیر درس ہیں تاکہ ابناء وطن کے عقائد بگڑیں اور ان کے اخلاق کا جنازہ نکلے ـــــ بہر طور اہل درد و اخلاص کے لئے یہ مجموعہ عظیم ہے اور ایک مخلص و شریف انسان کی ... کاوش کی قدر ان پر لازم۔

تیسرا پمفلٹ نما کتابچہ "جمعہ" جیسی عبادت سے متعلق ہے، دراصل وہ تقریر ہے حضرت قاری محمد طیب رحمۃ اللہ تعالیٰ سابق مہتمم مدرسہ دیوبند کی جسے بڑی خوبصورتی سے مرتب کیا گیا ہے۔

تینوں چیزیں ۷۵/- ، ۱۸/- اور ۱/- میں دستیاب ہیں ـــــ حاصل کریں، پڑھیں اور پھیلائیں۔

© rasailojaraid.com